فوری ریلیز کے لیے: 30/8/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL کی جانب سے منیواسکا سٹیٹ پارک میں آگ پر قابو پانے کی کوششوں میں مدد کے لیے نیشنل گارڈ کی تعیناتی

تعیناتی میں ایک فائر فائٹرز کا دستہ نیز دو بلیک ہاک ہیلی کاپٹر شامل ہیں جو ایک وقت میں 600 گیلن پانی گرانے کی صلاحیت رکھتے ہیں

ریاستی جنگلاتی رینجرز آگ کے پھیلاؤ کے ردِعمل میں ریاستی، مقامی، نیشنل گارڈ، اور کیوبیک کی مدد کے لیے کثیر محکمہ واقعاتی کمانڈ کر رہی ہے

نیشنل گارڈ کی آگ پر قابو پانے کی فضائی کارروائی کی ویڈیو یہاں دستیاب ہے

گورنر Kathy Hochul نے 130 سے 150 ایکڑ جنگل کی آگ میں آگ، جو اس وقت منیواسکا اسٹیٹ پارک پریزرو میں جل رہی ہے، پر قابو پانے کی کوششوں میں مزید مدد کرنے کے لیے متعدد دیگر وسائل کے ساتھ ساتھ، آج نیو یارک آرمی اور ایئر نیشنل گارڈز کی تعیناتی کا اعلان کیا۔ آج سے شروع کرتے ہوئے، آرمی نیشنل گارڈ کے دو یو ایچ-60 بلیک ہاک ہیلی کاپٹروں، جو ایک وقت میں 600 گیلن پانی گرانے کی صلاحیت رکھتے ہیں، نے تین افراد پر مشتمل عملے کے ساتھ فضائی کارروائیاں شروع کر دی ہیں، جبکہ ایئر نیشنل گارڈ کے پانچ فائر فائٹرز کا دستہ تعینات کیا گیا ہے۔ ریاستی محکمۂ تحفظِ ماحولیات کے جنگلاتی رینجرز، السٹر کاؤنٹی کے تعاون سے، واقعاتی کمانڈروں کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں، اور 200 سے زائد وائلڈ لینڈ فائر فائٹرز اور رضاکار، بشمول رینجرز، مقامی فائر ریسپانس ریسورسز، اور ڈی ای سی، دفتر برائے تحفظِ پارکس، تفریح، و تاریخ کا عملہ، ہوم لینڈ سیکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز کا ڈویژن، نیویارک اسٹیٹ پولیس ایوی ایشن، اور اسٹیٹ فائر آگ سے لڑ رہے ہیں۔

مزید برآں، کیوبیک سے 20 کینیڈین فائر فائٹرز، جو شمال مشرقی جنگلات کے فائر پروٹیکشن کمپیکٹ کے ذریعے بلوائے گئے ہیں، جمعرات کو پہنچنے والے ہیں۔ سنہ 1940 کی دہائی میں ہونے والا معاہدہ، اپنے رکن ممالک اور صوبوں کو ایسی آگ سے نمٹنے کے لیے وسائل فراہم کرتا ہے جو معلومات، ٹیکنالوجی اور وسائل کے اشتراک (باہمی امداد) کی سرگرمیوں کے ذریعے کسی ایک رکن کی صلاحیتوں سے باہر ہو سکتی ہے۔

گورنر Hochul نے کہا، "چونکہ منیواسکا اسٹیٹ پارک میں جنگل کی آگ بھڑکتی رہتی ہے، میری نیویارک کے ہر مکین سے گزارش ہے کہ وہ خود کو اور اپنے خاندانوں کو محفوظ رکھنے کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ میں اپنے تمام بہادر ابتدائی امدادی کارکنان، شراکت دار ایجنسیوں اور پڑوسیوں کی شکر گزار ہوں جو ہمارے علاقوں کی حفاظت کے لیے چوبیس گھنٹے کام کر رہے ہیں۔"

شوانگنک فائر کمپلیکس خطے میں تین آتشزدگیوں پر مشتمل ہے اور جوابی کارروائی نیپانوچ واقعاتی کمانڈ کی جانب سے کی جا رہی ہے۔ منیواسکا اسٹیٹ پارک پریزرو میں نیپانوچ پوائنٹ کی آگ ہفتے کے آخر میں مشتبہ طور پر ایک بجلی گرنے کے نتیجے میں شروع ہوئی اور یہ 130 سے 150 ایکڑ پر پھیلی ہوئی ہے۔ نیپانوچ پوائنٹ کی آگ سے تقریباً دو میل مشرق میں ایک چھوٹی آگ، جس کا نام سٹونی کِل ہے، کا کل پتہ چلا اور یہ تقریباً 0.68 ایکڑ پر لگی ہوئی ہے۔ ماماکٹنگ کے قصبے میں وڑتسبورو آگ بھی ہفتے کے آخر میں شروع ہوئی اور لگ بھگ 70 ایکڑ پر پھیلی ہوئی ہے۔

منیواسکا تا اطلاعِ ثانی بند ہے۔ اس وقت کوئی رہائش گاہ متاثر نہیں ہوئی ہے۔ نیپانوچ پوائنٹ کی آگ کے قریب رہائش گاہوں کی حفاظت کے لیے بہت زیادہ احتیاط کے تحت، ڈی ای سی فاریسٹ رینجرز اور عملے کے رضاکار جلد ہی برمے روڈ کے قریب واروارسنگ قصبے میں ہنگامی فائر لائن لگانے کے لیے کام کریں گے۔ آج مورخہ 30 اگست، شام 7 بجے ایلن ویل میں 28 میپل ایونیو میں ایلن ویل جونیئر/سینئر ہائی سکول آڈیٹوریم میں اہلِ علاقہ کا اجلاس منعقد کیا جائے گا۔ یہ متاثرہ علاقے کے مکینوں اور دیگر لوگوں کے لیے آگ پر ایک مربوط ردِعمل دینے کے متعلق سوالات پوچھنے کا ایک موقع ہو گا۔

آگ لگنے کے بعد سے، ریاستی اور مقامی وسائل کی ایک مربوط کوشش آگ پر قابو پانے کی کوشش کر رہی ہے۔ فائر فائٹرز ریاستی جنگلاتی رینجرز کی قیادت میں مشترکہ متحدہ کمانڈ میں کام کر رہے ہیں۔ جنگل کے رینجرز کو ان کی وسیع تربیت اور دیگر ریاستوں میں [جنگلی زمین پر اشتراکی فائر فائٹنگ مشنوں] کی وجہ سے واقعہ کی کمان اور آگ سے بچاؤ کی حکمت عملیوں کا نمایاں تجربہ ہے۔ اضافی کثیر محکمہ وسائل میں نیویارک اسٹیٹ پولیس ایوی ایشن شامل ہے، جس نے اتوار سے اب تک دو ہیلی کاپٹر اڑائے ہیں اور روزانہ تقریباً 120-180 300 گیلن بالٹیاں پانی گرایا ہے۔ نیشنل گارڈ کے دو بلیک ہاک ہیلی کاپٹروں میں سے ہر ایک نے تعیناتی کے بعد سے ہر گھنٹے میں 12 بالٹیاں پانی پھینکا ہے، جو کُل 24,600 گیلن بالٹیاں بنتی ہیں۔ نیویارک اسٹیٹ ڈویژن آف ہوم لینڈ سیکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز نے مزید مدد فراہم کرنے کے لیے ریاست کی واقعاتی انتظامی ٹیم اور متعدد ہنگامی مواصلاتی ماہرین کو بھی روانہ کیا ہے۔ ضبط و انسدادِ آگ کے ریاستی دفتر (State Office of Fire Prevention and Control) نے اضافی وسائل کی بروقت ہم آہنگی کو یقینی بنانے کے لیے ریاست کے فائر موبلائزیشن اینڈ میوچل ایڈ پلان اور فائر آپریشن سینٹر کو فعال کیا ہے۔

ریاست نیویارک کے محکمۂ تحفظِ ماحولیات کے کمشنر Basil Seggos نے کہا، "زمین پر اور ہوا میں، DEC کے فاریسٹ رینجرز اور ماہر وائلڈ لینڈ فائر فائٹرز یہاں نیویارک اور مغربی ریاستوں میں جنگلی زمین پر لگنے والی آگ سے لڑنے میں گزارے ہوئے وقت کو ابھی کام میں لا رہے ہیں۔ یہ فائر فائٹرز عوام کی حفاظت کرنے اور آگ پر قابو پانے کے لیے کام کرنے پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں۔ جب تک ہمارے ہاں کافی زیادہ بارش نہیں ہوتی، یہ آگ جلتی رہے گی۔ ہمیں ہر ایک کو اپنے حصے کا کام کرنے اور آگ سے محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ جبکہ یہ آگ آسمانی بجلی گرنے سے شروع ہوئی تھی، اس موسمِ گرما میں ہم نے جو آگیں لگی دیکھی ہیں ان میں سے زیادہ تر کھلے چھوڑے ہوئے کیمپ فائر سے شروع ہوئی تھیں۔ اگر آپ کو آگ جلانے کی ضرورت نہیں ہے، تو نہ جلائیں۔ انتہائی خشک پودے تقریباً فوراً ہی بھڑک سکتے ہیں"۔

نیویارک اسٹیٹ پارکس کے کمشنر Erik Kulleseid نے کہا، "میں بہت سے محکمہ جات اور اہلکاروں کا شکر گزار ہوں جنہوں نے ایک قیمتی قدرتی اور تفریحی وسیلے کی حفاظت کے لیے قدم اٹھایا ہے۔ فائر فائٹرز اس آگ پر قابو پانے کے لیے سخت حالات میں کام کر رہے ہیں - مشکل خطوں اور سخت موسمی حالات سے نمٹتے ہوئے۔ میں مدد کے لیے تیزی سے کارروائی کرنے پر ان سب کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں"۔

نیویارک اسٹیٹ ہوم لینڈ سیکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز کی کمشنر Jackie Bray نے کہا، "نیویارک کے ابتدائی امدادی کارکنان ہمارے مقامی شراکت داروں کے ساتھ پوری طرح مربوط ہیں اور مشکل خطوں اور موسمی حالات کے باوجود، یہ مخلص پیشہ ور افراد اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھیں گے جب تک کہ ان آگوں پر قابو نہیں پا لیا جاتا۔ جیسا کہ یہ صورتحال تیار ہوتی جا رہی ہے، ہم اس خوبصورت اسٹیٹ پارک اور آس پاس کے علاقوں کو محفوظ بنانے کے لیے ہر ممکن وسائل فراہم کرنا جاری رکھیں گے"۔

ہوم لینڈ سیکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز کا ریاستی ڈویژن ریاست کی واقعاتی انتظامی ٹیم (IMT) کے ساتھ ساتھ ڈویژن کے آفس آف انٹرآپریبل اینڈ ایمرجنسی کمیونیکیشن (Division's Office of Interoperable and Emergency Communications) کے ہنگامی مواصلاتی ماہرین کو بھی بھیج رہا ہے۔ IMT ایک کثیر محکمہ/کثیر دائرہ اختیار والی ٹیم ہے جسے کسی واقعہ یا تقریب کو، اس کی وجہ، سائز یا پیچیدگی سے قطع نظر، محفوظ طریقے سے، مؤثر طریقے سے اور مستعدی سے منظم کرنے کے لیے ضرورت پڑنے پر تعینات یا فعال کیا جا سکتا ہے۔

ریاست نیویارک کی پولیس کے سپرنٹنڈنٹ Kevin P. Bruen نے کہا، "ہمارا ایوی ایشن یونٹ آگ پر قابو پانے میں مدد کے لیے فضائی مدد فراہم کرنے کے لیے زمین پر موجود دیگر ریاستی اور مقامی محکموں کے ساتھ تعاون جاری رکھے ہوئے ہے۔ ہمارے پائلٹوں نے جنگل کی آگ سے لڑنے کے لیے خصوصی تربیت حاصل کی ہوئی ہے اور جب تک آگ پر قابو نہیں پایا جاتا، ضرورت کے مطابق پانی گرانے کے مشن کی پروازیں جاری رکھیں گے"۔

نیویارک کے ایڈجوٹنٹ جنرل میجر جنرل Raymond Shields نے کہا، "ہمارے نیویارک نیشنل گارڈ کے ارکان تربیت کا اہتمام کرتے ہیں اور ہمارے ابتدائی امدادی کارکنان کے لیے آگ بجھانے کی ممکنہ معاونت کے لیے خود کو تیار کرتے ہیں۔ ہمارے ریاستی اور مقامی ایجنسی کے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرنا آگ بجھانے کے ردِعمل میں لچک لاتا ہے۔ ہماری فوجی تربیت اور صلاحیتیں اس طرح کے مشنوں کے لیے ہوتی ہیں اور ہم ان آگوں پر فوری اور محفوظ طریقے سے قابو پانے پر دھیان دیتے ہیں"۔

واورسنگ ٹاؤن کے سپروائزر Terry Houck نے کہا، "گورنر Hochul، ریاستی محکموں، اور تمام ابتدائی امدادی کارکنان کا شکریہ جو شوانگنک رج پر آگ کے شعلوں سے نمٹنے کے لیے چوبیس گھنٹے کام کر رہے ہیں۔ ہمارے اہلِ علاقہ ہمارے شہریوں کو محفوظ رکھنے کے لیے کیے جانے والے کام کے لیے شکر گزار ہیں"۔

السٹر کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Patrick K. Ryan نے کہا، "میں گورنر Kathy Hochul اور تمام ابتدائی امدادی کارکنان کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جنہوں نے اس جنگل کی آگ کے دوران انتھک محنت کی۔ ہم آگ کے پھیلاؤ کو محدود کرنے کے لیے کام جاری رکھیں گے اور میں تمام مکینوں سے کہتا ہوں کہ وہ خشک موسم کو ذہن میں رکھیں اور مزید آگ لگنے کے امکانات کو کم کرنے کے لیے ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کریں"۔

ریاست نیویارک موسمی حالات پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے کیونکہ مغرب سے ایک فرنٹ ریاست میں داخل ہوتا ہے۔ اگرچہ کچھ بارش کی توقع کی جا سکتی ہے، لیکن بارش کی مقدار کا کوئی خاص اثر متوقع نہیں ہے اور اس سے تیز ہواؤں اور بجلی گرنے سمیت ناموافق حالات پیدا ہو سکتے ہیں۔

نیویارک کی ہڈسن ویلی اور کیٹسکل کے علاقے آگ کے خطرے کی زیادہ زد میں رہتے ہیں (آگ کے موجودہ خطرے کا نقشہ دیکھیں)، یعنی بیرونی آگ تیزی سے پھیلنے کی صلاحیت رکھتی ہے، خاص طور پر اگر ہوا تیز ہو۔ اِلا یہ کہ چھوٹی حالت میں کامیابی سے قابو پا لیا جائے، آگ سنگین ہو سکتی ہے اور اس پر قابو پانا مشکل ہو سکتا ہے۔

مڈ ہڈسن ریجن اسٹیٹ پارکس میں تمام کیمپ فائر اور کھلے چولہے جلانے پر فی الحال پابندی ہے۔ مزید معلومات کے لیے، parks.ny.gov ملاحظہ کریں۔

DEC نیویارک کے شہریوں اور سیاحوں کو جنگل کی آگ کے خطرے کو کم کرنے کے لیے نیچے دی گئی سفارشات پر عمل کرنے کی ترغیب دینا جاری رکھے ہوئے ہے۔

دیہی علاقوں میں کیمپنگ کے دوران، نیویارک کے شہریوں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ:

1. جہاں بھی ممکن ہو وہاں پہلے سے موجود کیمپ فائر رِنگز استعمال کریں؛
2. کیمپ فائر جھولتی ہوئی شاخوں، کھڑی ڈھلوانوں، درختوں کے بوسیدہ تنوں، کاٹی گئی لکڑی، خشک گھاس اور پتوں سے دور بنائیں۔ اضافی لکڑی کا ڈھیر آگ سے دور لگائیں؛
3. پتوں کے دائرے، ٹہنیوں اور دیگر آتش گیر مادوں کے ارد گرد کی جگہ کو خالی رکھیں؛
4. کیمپ فائر کو کبھی بھی نگرانی کے بغیر مت چھوڑیں۔ ہلکی سی ہوا بھی آگ کو تیزی سے پھیلانے کا سبب بن سکتی ہے۔

نیویارک میں کھلے عام آگ جلانے اور کیمپ فائر سے حفاظت کے بارے میں معلومات کے لیے، DEC کے نیویارک میں کھلے عام آگ جلانے اور کیمپنگ کرتے وقت آگ سے حفاظت کے ویب پیجز پر جائیں۔ جنگل کی آگ کے بارے

مزید سوالات کے لیے، 1-833-NYS-RANGERS پر کال کریں اور جنگل کی آگ کی اطلاع دینے کے لیے 911 پر کال کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418